8691-آیت (پھر روزے کورات تک پورا کرو) کا معنی

سوال

قرآن میں سورۃ بقرۃ پڑھتے وقت یہ سوال اٹھتا رہتا تھا کہ اللہ تعالی کا فرمان ہے (پھر روزے کورات تک پورا کرو) ہم میں سے اکثر مغرب کے وقت افطاری کرتے ہیں ۔
توکیا یہ ممکن ہے کہ آپ ہمارے لئے اس مسئلہ کی تشریح فرمادیں ؟

پسندیدہ جواب

اس آیت اور سورج غروب ہونے کے بعد افطاری کرنے میں کوئی اشکال نہیں پیدا ہوتا وہ اس لئے کہ رات غروب شمس کے بعد شروع جاتی ہے اور اس کا آخر طلوع فجر ہے ۔

اور اسی لئے نبی صلی اللہ علیہ وسلم کا فرمان ہے کہ :

(جب رات آجائے اور دن چلا جائے اور سورج غروب ہوجائے توروزے دار افطار کرلے)

اور اس حدیث کا معنی یہ ہے کہ : جب سورج غروب ہوجائے تورات شروع ہوجاتی ہے اس وقت روزے دار کے لئے حلال ہے کہ وہ روزہ افطار کرلے ۔

دیکھیں امام نووی رحمہ اللہ تعالی کی کتاب شرح المسلم جلد نمبر 7 صفحہ نمبر 209

واللہ تعالی اعلم ۔ اللہ تعالی ہمارے نبی صلی اللہ علیہ وسلم پر رحمتیں نازل فرمآئے ۔ آمین

واللہ تعالی اعلم.